My first acquaintance with Janab Twaher dates back to approximately one decade ago when I met him at the National Urdu Institue during the Annual Urdu examinations. Since then, we had been keeping in touch and I used to phone him for advice which he had never refused; instead, he readily volunteered to guide me in my further studies. Here I should underline that every time I met Janab Twaher, I learned many things.....what I appreciated most in him, is his outspokenness. I paid him a visit one day at the Jawarhar Lall Nehru hospital when he was complaining about human ingratitude, I still recall telling me... 'Anwar I am feeling ignored and abandoned ....' and tears started rolling down his cheeks..., when asked the reason for that, he replied: I wish I could have done something for Urdu...

Jaané walé kabhi nahin aaté
Jaané walon ki yaad aati hein .....
Those who depart never come back
But , their remembrance keeps on coming back

For me, the demise of Janab Twaher has been a great loss for Urdu in Mauritius. He believed in goodness and sincerity. These qualities will always remind us of a great personality that was Twaher Dhoomoon. The domain of Urdu in Mauritius will always be indebted to this Jewel of Camp Diable.

May the Almighty Allah keep his soul amongst the pious and always keep him under the shadow of His mercy.

Kal rahein ya na rahein hum, aao ye mangein duah
Ta- Aabaad Kashti-é- Urdu ka rahe ye na khuda
Whether tomorrow I am here or not, let us make this prayer
That the ship of Urdu always sails on.....

(Twaher Dhoomoon)

ایک تجربہ

ایجاز رحمان علی

ہندوستان میں طالب علمی کے زمانے میں دسمبر کی چھٹیوں کے دوران، میں اور میرے دوستوں نے تامل ناڈو گھومنے کا پلان بنایا۔ ۲۲ دسمبر ۲۰۰۲ کی رات ہمیں کی وی ریڈیے ایکسپریس سے تامل ناڈو جانے والی اس پیکج کی ٹرین پکڑنی تھی۔

ہم اس بات سے بخوبی واقف تھے کہ ٹرین اکثر دیر سے روانہ ہوتی ہے۔ اس لئے ہم بہت آرام سے مقررہ پلیٹ فارم پر دس بجے پہنچے۔ کچھ کے بعد ہمارے ہوش اڑ گئے۔ "ارے یہ تو جانے والی ہے!" میرے ایک دوست الیشیک نے کہا۔ ٹرین روانہ ہو رہی تھی اور بہت جلد رفتار پکڑنے والی تھی۔ ہم پانچوں دوست گھبرا گئے اور دوڑتے دوڑتے آخرکار پچھلی ہوئی ٹرین پکڑلی۔

یہ ایک چھوٹا واقعہ ہے، جو آج سے تقریباً چھ سال پہلے ہمارے ساتھ گزرا ہے۔ کرداروں کے ہم الطاف، اعتیاط، بدل دیے گئے ہیں۔

اس ٹوٹے سفر میں میرے ساتھ میرے دوست نارش، پروین، کملا اور الیشیک تھے۔ ہم موریشس سے تھے اور دہلی میں پڑھتے تھے۔ ہمیں چینائی میں ایک گروپ میں شامل ہونا تھا جو ہمیں تامل ناڈو گھمانے والا تھا۔ سب نے دہلی چنئیں کے بارے میں سوچ رہے تھے اور ان کے چہرے خوشی کی چمک سے منور تھے۔ میرے بھی دل میں خوشی کی ایک عجیب لہر دوڑ رہی تھی۔

دہلی سے چینائی کا سفر ڈھائی دنوں کا ہے۔ پہلی بار میں اتنا طویل سفر طے کر رہی تھی۔ لیکن دوستوں کے ساتھ تو وقت ہوا میں گزر جاتا تھا۔ اس لئے میں گھبرائی نہیں۔ ہم بچوں نے ٹرین میں خوب مستی کی۔ طرح طرح کے کھیل کھیلے۔ ساتھ میں سفر کرنے والے دوسرے مسافروں کا مذاق اڑایا اور خوب کھانا کھایا۔ آج بھی وہ دن یاد کرتی ہوں تو میرے دل میں تجسس و اشتیاق کا ایسا سیلاب امڈتا ہے، جس کو میں الفاظ میں ڈھال نہیں سکتی۔ تیسرے دن جب ٹرین تامل ناڈو کی ریاست میں پہنچی تو میری بے چینی اور بڑھنے لگی۔ پہنچنے سے حالت خراب ہو رہی تھی۔ اوپر سے بہت تھکان بھی محسوس ہو رہی تھی۔ شاید یہ ایک طرح سے آنے والے خطرے کا انذیشہ تھا۔

۲۴ دسمبر کو ہم چینائی پہنچے۔ اگلے دن ہمیں گروپ کو رپورٹ کرنا تھا۔ ہم نے ایک رات کے لئے ہوٹل میں قیام کیا۔ ہم شام تک چینائی کے ڈھیر سارے مشہور سی فوڈ (sea food) کھانے کا مزہ لیتے رہے اور رات کے کھانے میں تکیزے کھائے۔ کئی دنوں بعد فوڈ کھانے کا مزہ مجھ اور تھا۔ میں دل ہی دل میں سوچ رہی تھی کہ وہ کتنی تخیلی ناپاب شے ہے۔ ہم گھر سے اتنے دور تھے، پھر بھی تنہائی کا احساس نہیں تھا جب دوست سکھ اور دکھ میں آپ کے ساتھ ہوں۔

آخرکار وہ دن آ ہی گیا جس کا ہمیں انتظار تھا۔ ہم صبح جلدی تیار ہوئے اور تال ناڈو ٹورزم پہنچے۔ وہاں پہلے سے ہی مختلف ممالک کے طلباء موجود تھے جو ہمارے ہم سفر تھے۔ یہ ۲۵ دسمبر کی بات تھی۔ ہمیں چینائی شہر گھمایا گیا۔ آخر ہم مارینا بیچ (Marina beach) گئے۔ مارینا بیچ، گائنہ کے مطابق دنیا کا دوسرا سب سے بڑا ساحل ہے۔ کئی منٹوں بعد سمندر میں کھیلنے کا موڈ ہی بگھڑ اور تھا۔ جب غروب آفتاب کا عکس نیلے پانی میں پڑا تو دل میں ایک کسک سی جاگ اٹھی۔ کاش ہم اسی طرح سمندر کے کنارے رہتے!

جب ہم واپس لوٹ رہے تھے تو میں مزعر کے ساحل کو دیکھ رہے تھے۔ میں من ہی من سوچ رہی تھی کہ جو لوگ سمندر کے کنارے رہتے ہیں کتنے خوش نصیب ہوتے ہیں۔ 'اوم بچالے، اوم بچالے' یہ گانا ان دنوں کافی چل رہا تھا۔ ہم سب کھلی ہوا میں آگ کے ارد گرد اس گانے پر ناچ رہے تھے۔

کرسمس کی رات تھی اور ہم اپنے دوستوں کے ساتھ اچھا وقت گزار رہے تھے۔ ایک دوسرے سے جان پہچان ہو گئی تھی اور خوشیاں کا عالم چھایا ہوا تھا۔ سب بہت خوش تھے۔

پروگرام کے مطابق ہم اگلے دن پانڈی چیری گئے۔ یہ درحقیقت ایک انوکھا اور نہایت دلفریب شہر ہے۔ وہاں کے لوگ فرنچ بولتے ہیں۔ بہت صاف ستھری جگہ بھی ہے۔ پانڈی چیری کا ساحل بھی بڑا پیارا ہے۔ خدا کی اس قدرت کے سامنے انسان ڈنگ رہ جائے۔ جب موجیں پتھروں سے ٹکرا رہی تھیں دل اور دماغ کو سکون پہنچ رہا تھا۔ اس وقت آنکھیں بند کریں تو بہشت کا تصور بآسانی کیا جا سکتا تھا۔

رات کا کھانا ایک شاندار طعام خانے کی چھت پر لیا گیا۔ کھانے کے بعد کافی دیر تک ناچ گانے کا پروگرام چلتا رہا۔ ہم دیر رات کو تھکان کی حالت میں اپنے ہوٹل واپس پہنچے۔ میں تکیہ پر سر رکھتے ہی نیند کی گرفت میں آ گئی۔

میں نیند میں آوگھرنے لگی۔ مجھے اچانک اپنے کانوں میں شدید درد کا احساس ہونے لگا۔ درد کا احساس بڑھتا گیا اور میں نیند سے بیدار ہو گئی۔ میری کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ کیا ہو رہا ہے۔ جب درد بڑھتا گیا تو پتہ لگا کہ میرا ایک دانت پیچھے کے دائیں طرف سے نکل رہا ہے۔ مجھے ایسا درد پہلے کبھی نہ ہوا ہے۔ میں گھبرا گئی۔ گھڑی دیکھی تو رات کے چار بج رہے تھے۔ درد کے مارے میری آنکھوں سے آنسو نکل رہے تھے۔ میں آہ وزاری کرنے لگی۔ اس سے کمرہ میں سوئی ہوئی کملا کی آنکھ کھل گئی۔

"کیا ہوا؟" کملا نے پوچھا۔

میں نے سارا حال کہہ سنایا۔ کملا نے درد رکھتے ہوئے پہلے مجھے اپنے تسلی بخش الفاظ سے چپ کرایا۔ پھر مجھے دوا دی لیکن اس سے بہت کم راحت ملی۔ درد میرے منہ میں بڑھتا جا رہا تھا۔ پھر بھی میں نے زبردستی آنکھ بند کر کے سونے کی کوشش کی۔ سات بجے پھر میری آنکھ کھلی۔ ہم اس دن کے لئے تیار ہوئے۔ تاجور شہر کے لئے روانہ ہونا تھا۔

میری طبیعت میں کوئی سدھار نہیں آیا تھا۔ اب تو درد سے بخار بھی ہونے لگا تھا۔ منہ کھولنے میں بھی دقت ہو رہی تھی۔ ناشتے کے وقت مجھ سے کھایا بھی نہیں جا رہا تھا۔ میں رو پڑی۔ سب میرے پاس آئے اور مجھے تسلی دینے لگے۔ میں نے گائڈ سے کہا کہ ناشتے کے بعد ہم ہسپتال چلیں گے۔

ہماری بس ایک بڑے ہسپتال کے سامنے رکی۔ میں، میرے دوست اور گائڈ باہر نکلے۔ ہسپتال کی عمارت بہت بڑی تھی اور پرانی بھی لگ رہی تھی۔ ہم لوگ اندر جانے لگے کہ دروازے پر کھڑے چوکیدار نے ہمیں روکا۔ اس نے گائڈ سے تامل میں صرف اتنا بتایا کہ ہسپتال کو emergency کی وجہ سے بند کر دیا گیا ہے۔

گائڈ نے پھر کہا کہ جب راستہ میں کوئی دوسرا ہسپتال آئے گا تب ڈاکٹر سے معائنہ کرائیں گے۔ حالات کے آگے مجبور مجھے، زہر کا پیالہ پینا پڑ رہا تھا۔ میرا درد بڑھتا جا رہا تھا۔ میں نے ایک اور گولی کھائی اور بس میں میں نے سونے کی ناکام کوشش کی۔

بس ایک پل پر سے گزری تو میری نظر کچھ لوگوں پر پڑی۔ پل ایک دریا پر تھا۔ وہ لوگ دریا کی طرف دیکھ رہے تھے۔ ان کی نظریں جیسے دور کوئی چیز تلاش کر رہی تھیں۔ مجھے یہ بات کافی عجیب لگی۔ آگے چل کر ایک دو پل اور تھے اور وہاں بھی یہی منظر دیکھنے کو ملے۔ پھر ہم ایک گاؤں میں پہنچے۔ وہاں کا ماحول بالکل خیز تھا۔ لوگ ادھر ادھر بھاگ رہے تھے، چلا رہے تھے۔ بے اطمینانی کی ہی کیفیت پھیلی ہوئی تھی۔ میں کچھ گھبرائی۔ پھر ہمیں ایک اور دریا نظر آیا جو کافی چوڑا تھا۔ اس دریا میں پانچ سو میٹر کی دوری میں کافی تیز رفتاری سے دریا میں موجیں اٹھ رہی تھیں اور دو لہریں گاؤں کا رخ کر رہی تھیں۔ ہم سب کے ہوش اڑ گئے۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ کچھ پل میں یہ تمام آبادی پانی کے زد میں آنے والی ہے۔

ہم نے کچھ مقامی لوگوں کو اپنی بس میں جگہ دی تا کہ ہم ان کو محفوظ جگہ پر پہنچا سکیں۔ مجھے اچھی طرح سے ایک عورت کا چہرہ یاد ہے جو اس بس میں بیٹھ بلک بلک کر رو رہی تھی۔ اس کے پاس بیٹھا ہوا اس کا ایک چھوٹا لڑکا تھا۔ وہ سانولے رنگ والی عورت تامل ہی تھی کہ اس کا ایک اور بیٹا جو شاید سو رہا تھا، پھنس گیا۔ اس قسمی سنامی ماں کا شوہر پھنسے افراد میں سے بھی پھنسا ہوا تھا۔ اب تک اس کا بھی کوئی اتا پتا نہیں تھا۔

یہ تمام مناظر دیکھ کر مجھے لگا کہ ابھی ہی میں درد کے مارے تڑپ رہی تھی لیکن ان کے دکھ کے سامنے میرا دکھ کچھ نہیں۔ ان لوگوں کی تو پوری دنیا اجڑ رہی تھی۔ ان کا گھر بار، مال و دولت، زمین جائداد سب کچھ وہ خطرناک موجیں اپنی آغوش میں سمیٹ رہی تھیں۔ یہاں تک کہ اپنے اعزا و اقارب سے بھی بچھڑ رہے تھے۔

میں نے پہلے کبھی سونچا نہیں تھا کہ میں ایک ایسی قدرتی بربادی کے روبرو ہوں گی۔ سب کچھ اتنی جلدی میں ہوا کہ اس وقت کچھ سوچنے کا موقع نہیں ملا۔ سونامی کے یہ مناظر ..... مجھے یاد رہے گی۔

میرا درد تو کم ہو لیکن میرے دماغ میں صرف سونامی کے خطیب کھ تھا دیتی تھیں۔ ..... میں آج بھی خدا کا شکر ادا کرتی ہوں کہ سونامی کے اس دردناک حادثے میں اور میرے ساتھی صحیح سلامت نکل آئے۔ ہماری بس بھی اسی پل اور اسی گاؤں سے گزری تھی جو کچھ گھنٹوں میں سمندر کی لپیٹ میں آنے والے تھے۔

غزل

از سعید خیاں جان

آسماں پر کہیں بادل نہ تھا، برسا کیے
جو طرف دیکھا کیے، صحرا ہی دریا کیے

کوئی طوفاں تھا نہ موجوں کا تلاطم یارب!
پھٹتے پھٹتے یہ سفینہ مرا ڈوبا کیے

غم نہیں ان کو کہ پتھر پڑے کتنے مجھ پر
غم تو اس کا ہے کہ وہ خود ہوئے رسوا کیے

اس سے پہلے کہ زباں کھولوں مجھے چپ دے دے
ہونٹ میں تجھ سے کوئی بات بھی کیے کیا کیے

کھڑکیاں بند تھیں، دروازے مقفل تھے سبھی
آخر اس گھر میں وہ کافل مرا آیا کیے

بے سہاروں کی رفاقت میں رہے ہم ہر دم
اب ملے بھی تو ملے ہم کو سہارا کیے

مجھ کو لوگوں نے تو جوڑا ہے ترے نام کے ساتھ
کس کا منہ بند کروں، روکوں یہ دنیا کیے

ہم ستم گم تو نہ تھے ذیرت کی راہوں میں سعید
خاک میں ملتے ہی ہم ہو گئے تنہا کیے

جشنِ عید میلادالنبی ﷺ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بتاریخ ۲۹ فروری بروز پیر دارالعلوم علیمیہ کالج کے وسیع و عریض میدان میں عشاقانِ نبی و محبانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں جشنِ عیدمیلادالنبی صلی اللہ علیہ وسلم منعقد کیا گیا تھا۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی بڑی تعداد میں جزیرے کے کونے کونے سے غلامانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اظہارِ محبت کرنے کے لئے تشریف لائے تھے۔

سامنے نو بچے شامیانے کی تمام کرسیوں پر جانِ نثارانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ افروز تھے۔

پہلے دن پہلے موری شفٹس کے وزیرِ اعظم نرین چندرارام تشریف لائے۔ پانچ منٹ بعد ہی صدر موری شفٹس سر انیرودھ چٹھاتھ بھی تشریف لائے۔

نظامت کے فرائض جناب صابر گوہر نے بحسن وخوبی پروگرام انجام دیئے تھے۔

اس مقدس تقریب کا آغاز قرآن مجید و فرقان حمید کی چند آیتوں سے کیا گیا۔ تلاوت کا شرف جامع مسجد کے امام حضرت علامہ و مولانا حافظ وقاری فقیہ علی نورانی دامت برکاتہ العالیہ کو حاصل ہوا۔ بڑی پیاری آواز اور منفرد انداز میں قاری صاحب نے قرآن کریم کی تلاوت کی۔

حبیب اللہ فیضی صاحب علیمیہ کالج میں نعت سناتے ہوئے

تلاوتِ قرآن پاک کے بعد صدر جلسہ نے دارالعلوم علیمیہ کے ایک ہونہار طالب علم کو دعوت دی۔ مفتی رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سرشار اس طالب علم نے قصیدہ بردہ شریف کے چند اشعار پیش کئے۔ عوام بھی جھوم جھوم کر قصیدہ ساتھ ساتھ پڑھتے رہے۔ اس کے بعد صدر جلسہ نے پیش آرگنائزر حلقہ قادریہ اشاعتِ اسلام اور دارالعلوم علیمیہ کے چیئرمین جناب یوسف جوئس کو دعوتِ کلام دی۔ لیکن یوسف جوئس نے معذرت پیش کرتے ہوئے اپنا پیغام جناب انور جوئس سے پہنچایا۔ پیغام کے بعد ہندوستان سے تشریف لائے ہوئے نعت خواں حبیب اللہ فیضی نے اپنے منفرد انداز میں اپنی ہی لکھی ہوئی نعت کا گلدستہ پیش کیا۔ حضورِ سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں ڈوب کر یہ شعر پڑھا، بات رخسار کی آگئی تو واہ کی داد گویا کر دیا ہوں۔ ہم گورنمنٹ آف انڈیا کے سیاسی معمون و مسکور ہیں۔ کہ ہر سال باقاعدگی سے ہوا سے اس خصوصی پروگرام میں نعت خواں کے نام تجویز کرتے ہیں جن سے تلاوتِ محفل کی رونق دوبالا ہو جاتی ہے۔

ورلڈ اسلامک مشن کی جانب سے ہر سال کی طرح اس سال بھی انور اور اشفاق ابراہیم موری شفٹس تشریف لائے اور اپنی نعتوں سے اہلِ محبت کے دلوں کو معطر کیا۔ پونے گیارہ سے گیارہ بجے تک واحدنی سنی سنتر کے قوالی قدیر، مبلغ لبنان سے آئے ہوئے شیخ خالد کے نورانی اور عرفانی وعظ سننے کا موقع ملا۔ انہوں نے ولادتِ والدات کے معجزے جو حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا نے مشاہدہ کیا، اس پر روشنی ڈالی۔ اس کے بعد صدر جلسہ نے اپنی پیاری مسز ڈاکٹر اختر رشیدہ فیاض جان کو دعوتِ کلام دیا۔ آپ کی تقریر کا عنوان عید میلادالنبی صلی اللہ علیہ وسلم اور سیرتِ رسول پر تھی تھا۔ کامل ترین انسان وہی ہے جس کا اخلاق اچھا ہے۔ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نقشِ قدم پر چلنا چاہیئے۔

اس تقریر کے بعد وزیرِ اعظم نرین چندرا رام غلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی پر روشنی ڈالی۔ مکی زندگی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ نے بہت سختیاں کا سامنا کیا۔ مثلاً طائف میں تبلیغ کے دوران لہولہان ہوئے، خود ان کے اپنے خاندان سے سختی تکلیفیں اٹھائی پڑیں، پھر بھی آپ ایک ایسی ہستی ہیں کہ صبر کا دامن ہاتھ سے جانے نہ دیا۔ ہمیں بھی ان کے نقشِ قدم پر چلنا چاہیئے۔

وزیرِ اعظم نے نہایت فخر کے ساتھ یہ خبر سنائی کہ پی ایم آفس میں ایک گمنام خط و کتابت ہے جس میں یہ بات واضح طور پر لکھا ہے کہ کچھ لوگ حضرت علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی کا موری شفٹس میں آنا پسند نہیں کرتے۔ یہ سن کر حاضرینِ جلسہ کے چہروں پر افسردگی کے آثار نمایاں ہوئے۔ پھر وزیرِ اعظم نے کہا کہ اگر کوئی کچھ کہنے کی جرأت کرتا ہے تو وہ سامنے آئے۔ پردے کے پیچھے رہ کر بات نہیں بن سکتی۔ اور انہوں نے وعدہ کیا کہ مستقبل قریب میں مولانا اس پھر سے ہمارے درمیان روشن عید میلادالنبی صلی اللہ علیہ وسلم میں شرکت کریں گے۔

وزیرِ اعظم کے بعد صدر موری شفٹس سر انیرودھ چٹھاتھ نے اپنا سبق آموز اور بیدار فکر پیغام سنایا اور ساتھ ہی ساتھ تمام مسلمانانِ موری شفٹس کو عیدمیلادالنبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارکباد پیش کی۔ پروگرام کے اختر میں صدر جلسہ نے ان نمایاں شخصیت کو دعوت کلام دیا جو ہر دلعزیز، عالم مقبول، روحانی رہنما، سفینہ کے ناخدا، فی زمانہ پاسبانِ مسلک امام احمد رضا، زینت بزم اہل سنت، رئیس علم التفسیر، استاذ العلماء، و الاٰ، ڈاکٹر دارالافتاء امام وخطیب جامع مسجد پورٹ لوئس حضرت علامہ مفتی محمد اسحاق قادری رضوی دامت برکاتہ العالیہ۔ ان ساری خوبیوں کے ساتھ ساتھ متواضع، شریف النفس اور عالم باعمل بھی۔ ان کے بیشمار تلامذہ ان کے علم وفضل، ان کے دینی تصلب اور ان کے علم و فضل، ان کے دینی تصلب اور ان کی تقوی شعار زندگی کا آئینہ ہیں۔ آپ کی شخصیت ایک ایسی واضح اور کھلی ہوئی کتاب ہے جس سے علم، معانی وتفاسیر کے راز حل ہوتے چلے جاتے ہیں۔ ان کی تقریر سے علم وعمل اور حکمت ودانائی کا درس ملتا ہے۔ رموز و نکات سامعین کے سامنے باآسانی سے کھلتے ہیں۔ جیسے عقل میں بات بٹھانے کا جز اللہ کی طرف سے ایک خاص ذہن ہے۔ مفتی اسحاق صاحب کی عظیم شخصیت ایک پیمانۂ نور ہے جس سے منزل کی طرف راہنمائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ اپنے لوگ روز روز پیدا نہیں ہوتے۔ صدیوں میں کسی کی خوش نصیبی میں اضافہ کرتے ہیں۔ یہ جامع مسجد مدورائیس کی خوش نصیبی ہے۔ الحمدللہ۔

ہر تشکی ادھورے کا ایک حوالہ ہوتا ہے۔ طالب علم اسی حوالے سے جانا پہچانا جاتا ہے۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبر واستقلال کا وہ درس دیا کہ رہتی دنیا تک یادگار رہے گا۔ کسی زندگی کس مصیبت سے کئی۔ لیکن دیکھنا یہ ہے کہ کس صبر واستقامت سے کاٹی۔ ہزاروں درود وسلام ہوں اس انسانِ کامل پر جس نے انسان کو غلامی سے نجات دلائی۔ خدا کے آگے جھکایا اور انسان کو انسان کے ساتھ انسانوں کی طرح رہنا سکھایا۔ جس نے سب کو محترم بنا کر آسمان کی بلندی تک پہنچایا۔

حضرت کی تقریر کا عنوان سورہ الرحمٰن رہا۔ حضرت نے اس باب میں خلق الانسان علمہ البیان کی خوب وضاحت سے دل و دماغ کو روشنی بھی فرمایا۔

آخر میں حضرت نے ہمیں سورہ الرحمٰن کی تفسیر پڑھنے کی تاکید فرمائی۔ پھر بچے صلوٰۃ وسلام اور دعا سے جلسہ اختتام پزیر ہوا۔

تمام حاضرین کے لئے ظہرانے کا بھی انتظام کیا گیا تھا۔ کھانے کے بعد ظہر کی نماز باجماعت ادا کی گئی۔ جشنِ عیدمیلادالنبی صلی اللہ علیہ وسلم مبارک۔

سالانہ اردو مقابلے

اس سال اردو اسپیکنگ یونین کی جانب سے قومی سطح پر اردو کے مقابلے بتاریخ ۱۳ اور ۱۴ اور ۲۶ مارچ ۲۰۱۱ء کو سرکلی انڈیا گاندھی کالج اور اسلامک کمپرول سنٹر میں منعقد ہوئے۔ مقابلوں کی تفصیلات حسب ذیل ہیں:

مقابلہ	جماعت
۱۔ خوشخطی	پانچویں جماعت
۲۔ قصہ گوئی	پہلی جماعت
۳۔ انگلش	قارئم ۱، ۲ اور ۳
۴۔ رپورٹ نگاری	قارئم ۴ اور ۵
۵۔ تقریری مقابلہ	انگلش۔ ہندی

مندرجہ بالا اردو مقابلوں میں اس سال ۵۰۰ طلباء نے حصہ لیا۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ طلباء میں اردو پڑھنے کی دلچسپی بڑھ رہی ہے۔ موقع کا فائدہ اٹھا کر، ہم ان تمام اساتذہ کرام کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں جنہوں نے براہِ راست یا بالواسطہ ان مقابلوں کے اہتمام میں تعاون کیا۔ خصوصاً قابلِ ذکر ہے کہ ہر سال یو۔ایس۔ پی کی طرف سے قومی سطح پر یہ واحد اردو کے مقابلے ہیں اور یہ اردو اسپیکنگ یونین کی خاص سالانہ سرگرمیوں میں بھی شمار ہوتے ہیں۔

امید ہے کہ آئندہ بھی اساتذہ اور طلباء ان اردو مقابلوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور نہ صرف اردو زبان سے اپنی دلچسپی کا مظاہرہ کریں گے بلکہ اس طرح کی سرگرمیوں کے انعقاد میں منتظمین کی بھی ہمت افزائی کریں گے۔

کل رہیں یا نہ رہیں ہم آج یہ تلقین و دعا
تا ابد سرسبز رکھے اردو کا یہ پیڑ ہرا

مرحوم محمد طاہر دومن ۲۱ اکتوبر ۱۹۳۸ء میں بمقام کیاب مورییشس پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد ابو طٰہٰ عبدالرحمٰن دومن تھے جنہیں اُنسِ خوبی اور غزل گوئی کا خوب شوق تھا۔ جناب محمد طاہر دومن نے کہا ہے کہ "بچپن کو انہی محفلوں اور صحبتوں سے استفادہ حاصل کرنے کا موقع ملا"۔ آپ نے پرائمری سکول کیاب سے تعلیمی مراحل طے کیے اور پھر ۱۱ سال کی عمر میں آپ کا داخلہ کوئین الزبتھ کالج میں ہوگیا۔ یہاں آپ کی ملاقات جناب عبدالرزاق صدیقی سے ہوئی جو آپ کے ہم جماعت بھی تھے اور ہم مکتب بھی۔ ان کی صحبت میں آپ کا ذوقِ مطالعہ پروان چڑھا۔ ۱۹۵۶ء میں آپ نے کیمبرج یونیورسٹی سنڈیکیٹ کے تحت سینئر کیمبرج کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۵۷ء میں آپ نے ہائر سرٹیفکیٹ کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۵۸ء میں آپ نے یونیورسٹی آف موریشس سے بی اے کی ڈگری حاصل کی۔ ۱۹۶۰ء میں آپ نے یونیورسٹی آف موریشس سے ایم اے کی ڈگری حاصل کی۔ ۱۹۶۱ء میں آپ نے یونیورسٹی آف موریشس سے ایل ایل بی کی ڈگری حاصل کی۔ ۱۹۶۲ء میں آپ نے یونیورسٹی آف موریشس سے ایل ایل ایم کی ڈگری حاصل کی۔ ۱۹۶۳ء میں آپ نے یونیورسٹی آف موریشس سے ایم اے کی ڈگری حاصل کی۔ ۱۹۶۴ء میں آپ نے یونیورسٹی آف موریشس سے ایم اے کی ڈگری حاصل کی۔ ۱۹۶۵ء میں آپ نے یونیورسٹی آف موریشس سے ایم اے کی ڈگری حاصل کی۔

صابر گودڑ

زندگی جب بھی تری بزم میں لاتی ہے ہمیں

عبداللہ احمد صاحب شاداں بیتاب طبیعت کے مالک تھے۔ ان کے پیر ے پر بھی ہوا تھی کے آبجار فرمایاں نہیں تھے۔ غم بھی ہوتے تو جمیل شاعرانہ پیرہن میں انہیں چھپا لیتے۔ دارالقضاء ایسے معتدل اور خوش مزاج تھے۔ کون کہہ سکتا تھا کہ چالیس سال عدالت برخواست ایک حصہ گزار چکے ہیں

کے لحبوب میں لکھا تھا۔ ایک دن جب پہلے دو رجسٹر کاغذوں سے بھرائی کر عبداللہ احمد صاحب تخت یار ہو گئے تو یہ صرف دنیائے اردو بلکہ قوم مسلم بھی کہنے کے عالم میں مبتلا ہو گئی۔ ایسا محسوس ہوا جیسے فنا ان پھن ہوئے موسم بہار سے محروم ہو گئے۔

عبداللہ احمد صاحب سے شناسائی تقریباً چار دہوں تک پھیلی ہوئی ہے۔ اردو اسٹڈی نیوٹ کی بنیاد پڑنے کے بعد ان سے مسلسل رابطہ قائم رہا۔ ڈاکٹر اے آر صدیقی نے ایک بار کہا تھا: "اگر کوئی کام اس لائق ہے کہ کیا جائے تو پھر اس لائق ہے کہ سلیقے سے کیا جائے"۔ اگر اس قول کا اطلاق عبداللہ احمد صاحب پر ہو تو قطعی مبالغہ نہ ہوگا۔ انہوں نے جس سلیقگی، خوش اسلوبی، بردباری، دوربینی، تدبر اور صلاحیت آمیز انداز سے بالخصوص اردو اور مسلمانان موریشس کے مسائل حل کیے ان کی نظیر بھی مشکل ہے۔ شاید اسی لیے سابق وزیر اعظم سر انیرود جگناتھ نے ان کی اعلیٰ کارکردگی کے ضمن میں پر تحریر کیا تھا کہ وہ "ایک خود ساختہ شخص ہیں"۔

۱۹۸۱ء میں جب خاکسار راقم تعلیم کے بعد علی گڑھ سے آبائی وطن واپس آیا تو ہماری ادبی تنظیم شاداب نگار نے مرحوم یوسفاں پنت آنور، سے ملنے اور مقاصد متعارف کرانے کا اہتمام کیا تھا۔ جس میں بابائے قوم سر شیو ساگر رام بھی بنفس نفیس مہمان خصوصی مدعو تھے۔ میں نے عبداللہ احمد صاحب کو بھی دعوت دی تھی اور وہ اپنی قیمتی مصروفیات کے باوجود شریک محفل ہوئے۔ مدعی اور مدعا علیہ کو کوئی بھی پروگرام ہو موصوف اپنی حاضری، رپورٹ یا گواہ فراہم ضرور کیا کرتے تھے۔ انہوں نے مجھ سے کہا کہ اگر کسی چیز کی ضرورت ہو تو بلا جھجک انہیں بتاؤں۔ میں سمجھ گیا کہ ان کا اشارہ مالی تعاون کی طرف تھا۔ میں نے شکریہ ادا کرتے ہوئے شکریہ کے ساتھ جواب دیا اور کہا کہ سر دست انتظام تنظیم کی طرف سے مکمل ہو چکا ہے۔ مشاعرہ کامیاب رہا اور انہوں نے یہ بھی ڈھیر ساری دعائیں بھی دیں جن سے خوصلہ افزائی ہوئی۔

جب میں ایم اے سال اول میں تھا تو عبداللہ احمد صاحب علی گڑھ تشریف لائے تھے۔ موریشس میں سفارت ہند نے خلافتی پروگرام کے تحت ان کے دورہ ہندوستان کا اہتمام کیا تھا۔

علی گڑھ پہنچتے ہی ان کا شاندار استقبال کیا گیا ۔ وہ اس چاہنے سے ملے۔ بعد ازاں صدر شعبہ اردو میں آئے۔ اس وقت ہماری خوشی کی انتہا تھی۔ شعبے میں ان کے اعزاز میں دوبارہ گرم چائے کا دور چلا گیا۔ وہ قدیم اساتذہ سے ملے جن میں پروفیسر نجم صدیقی، پروفیسر شریف الحسن، پروفیسر اعجاز علی، پروفیسر فرمان فتح پوری، پروفیسر شمیم حنفی، پروفیسر قاضی عبدالستار، پروفیسر قاضی عبدالستار کے صاحبزادے کاظم علی خاں میں طویل سے ملے آئے ۔ خاکسار نے ان کا تعارف کرایا پھر وہ طلباء سے مخاطب ہوئے اور موریشس میں اردو کے حوالے سے فصیح اردو میں بہت ساری معلومات فراہم کیں۔ یہ صاحب اور عیان صاحب کا بطور خاص ذکر کیا گیا جو علی گڑھ سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد دور دراز اس خطے میں صبح اردو روشن کیے ہوئے ہیں ۔ علی گڑھ کے اساتذہ کو یہ باز تھا کہ ان کے شاگرد سرزمین موریشس میں اردو کی ترویج، اشاعت میں کوشاں ہیں۔ عبداللہ احمد صاحب نے واپس جا کر سفیر موریشس کے علاوہ کے لیے مخالف کی بات بھی کی۔ موصوف جہاں بھی جاتے فخامت جثہ، وجاہت اور زبان کو مقدم رکھتے۔ اس حوالے سے بھی وہ تادیر ہمارے دلوں پر حکومت کرتے رہیں گے۔

پورٹ لوئس میں واقع ان کے دفتر میں اکثر جانا ہوا کرتا تھا۔ وہ ہمیشہ تپاک اور خلوص سے ملتے تھے۔ ہماری گفتگو کا دائرہ ادبی، علمی، مذہبی سے متجاوز ہو کر سیاسی اور بین الاقوامی نظریات تک چلا جاتا تھا۔ وہ ہمیشہ یہ جاننے کی کوشش کرتے کہ اندرونی و بیرونی صبح پر اردو کے ضمن میں کیا اور کیا ہو رہا ہے۔ جب رنج الاول کا مبارک مہینہ آتا تو ان کی سرگرمیوں میں اضافہ ہو جاتا۔ قومی سطح پر میلاد النبی کی تقریبات کا اہتمام ہوتا کہ وہ اہتمام کے ساتھ کرتے اور انگریزی کے ساتھ اردو میں بھی تقریر کرتے۔ اپنی اردو تقریر میں اقبال کے نثری اشعار کا حوالہ ضرور دیتے جنہیں مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی" سے بہت پسند فرماتے اور داد بھی دیتے۔

۱۹۹۵ء کے بعد میں تشکیل اردو اسٹڈی نیوٹ کو دنیا و بیرون دنیا کی بہت سی اہم شخصیات کے استقبال کا سنہرا موقع ملا۔ شعراء، ادباء، علم کاروں اور فنکاروں کی آمد سے اردو دنیا نہیں بلکہ جزیرہ موریشس پر رونق ہو جاتا اور بھی کے لبوں پر اردو اسٹڈی نیوٹ کا نام ہوتا۔ یاد شبہاں سب کے بس پشت عبداللہ احمد کا ہاتھ ہوتا۔ جس سے طبقہ اردو کے علاوہ دیگر شعبہ جات حیات سے تعلق رکھنے والے استفادہ کرتے اور منصفانہ پر گراموں سے محظوظ ہوتے۔ ان کی پر تکلف ضیافت اور مہمان نوازی دلوں پر ہمیشہ نقش رہیں گی۔ آکسو دیشنز مواقع پر وہ اپنی بیگم مرزیہ مرحومہ اور صاحب زادے شہزاد کو بھی محافل میں ساتھ لاتے اور اس طرح شہزاد کو اردو سے جوڑتے رہتے۔ شاید انہیں اس بات کا احساس تھا اور پریشان بھی تھے کہ مرنے کے بعد گھر کے اردو دشمن کے لیے شجر ممنوعاں وہ کردار ادا نہ کر پائیں جس کا خواب وہ دیکھتے رہے۔ محترمہ کہتے ہیں وقت گیرے زخموں کو بھی بھر دیتا ہے۔ عبداللہ احمد صاحب ہمیں داغ مفارقت تو دے گئے لیکن وقت نے بشارت کر دیا کہ ذات اردو کے چشم و چراغ کو سنوارنے کے لیے شہزاد صاحب اردو والوں کے شانہ بشانہ ہیں اور ہم کہنے پر مجبور ہو جاتے ہیں ۔

یہ زمیں چاند سے بہتر نظر آتی ہے ہمیں

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

موریشس میں قائد اعظم محمد علی جناح کے ایک سو چونتیسویں یوم پیدائش کی عالیشان تقریب

پاکستانی ہائی کمشنر سفیر جناب محمد صدیق میمان خصوصی۔
صدارت اردو میڈیم پورٹ لوئس ڈاکٹر محمد خدا بخش نے کی۔

رپورٹ: اختر بلوچی
ایڈیٹر اے بی این نیوز

یوں تو ہماری دنیا میں قائداعظم سے محبت رکھنے والے لوگ ان کا یوم پیدائش بڑی دھوم دھام سے مناتے ہیں کیونکہ قائداعظم کا شمار دنیا کے عظیم سیاسی راہنماؤں میں ہوتا ہے اور عالمی سیاسی مدبرین اور مفکرین کی صف اول میں ان کا نام ہمیشہ نمایاں ہی ہے مگر موریشس میں قائداعظم محمد علی جناح سے محبت رکھنے والوں کا جوش اور جذبہ دیدنی ہے۔ موریشس میں بھی ان کے مداح ہر سال پروقار تقاریب کا اہتمام کر کے ان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ اس مرتبہ بھی پورٹ لوئس کے میونسپلٹی ہال میں ایک عظیم الشان تقریب کا بندوبست کیا گیا جس کی صدارت پورٹ لوئس کے لارڈ میئر محترم ڈاکٹر محمد خدا بخش نے کی اور بطور مہمان خصوصی پاکستانی ہائی کمشنر محترم سفیر جناب محمد صدیق اسٹیج پر رونق افروز تھے۔ اس تقریب میں موریشس میں مقیم پاکستانیوں اور قائد کے مداحوں نے بھرپور شرکت کر کے اسے ناقابل فراموش بنا دیا۔

اس تقریب میں جناب محمد صدیق ہائی کمشنر پاکستان نے پاکستانی اور باقی پاکستان کے حوالے سے انتہائی فکر انگیز تقریر کی۔ انہوں نے پاکستان کے اس عظیم قائد کی زندگی پر نہ صرف تفصیل سے روشنی ڈالی بلکہ قیام پاکستان کے حوالے سے خصوصی سیاسی حالات سے بھی حاضرین کو آگاہ کرتے رہے۔ قائداعظم کی دوراندیش اور تجربہ کار قیادت کے مختلف پہلو اجاگر کیے۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم کی ایک خصوصی صفت یہ تھی کہ وہ اپنے عزم اور ارادے کے پختہ تھے اور جس مقصد کی تکمیل کا ارادہ کر لیتے تھے اسے پورا کر کے چھوڑتے تھے۔ کوئی خوف کوئی جبر کوئی لالچ ان کو اپنے مقصد سے نہیں ہٹا سکتا تھا اگرچہ وہ اپنی زندگی کے آخری ایام میں سخت بیمار تھے اور ان کے ڈاکٹرز نے ان کو اس بیماری کی سنگینی سے آگاہ کر دیا تھا مگر ان کا عزم اور حوصلہ ایسا تھا کہ ان کے قریبی ساتھیوں کو بھی اس کا علم نہ ہو سکا اور وہ دن رات انگریز سے آزادی کی جنگ میں مصروف رہے یہاں تک کہ اس وقت کے آخری انگریز وائسرائے لارڈ مونٹ بیٹن کو ان کی موت پر کہنا پڑا کہ اگر اسے علم ہوتا کہ قائداعظم محمد علی جناح اتنی جلد مرنے والے ہیں تو وہ ہندوستان کی آزادی کو چند ماہ اور پیچھے ڈال دیتے۔

تقریب کے صدر پورٹ لوئس کے لارڈ میئر جناب محمد خدا بخش نے بھی ہائی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے حوالے سے ایک بہت خوبصورت تقریر کر کے حاضرین کے دل موہ لیے ان کی تقریر سن کر یہاں محسوس ہوتا تھا جیسے کراچی یونیورسٹی کا کوئی نوجوان طالب علم راہنما چیئرمین قائداعظم کی محبت میں خراج عقیدت کے پھول نچھاور کر رہا ہے۔ اور ایسا کیوں نہ محسوس ہوتا، پورٹ لوئس کے یہ نوجوان لارڈ میئر کئی سال تک کراچی یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرتے رہے اور یہ محبت شاید اسی قائد کے شہر کراچی کی دین تھی۔ بھلا کراچی میں اپنے عالم جوانی کے ایام گزارنے والے نوجوان کو قائداعظم کے بارے میں علم نہ ہوگا تو اور کس کو ہوگا۔ ان کی تقریر سن کر قائداعظم اور پاکستان سے محبت رکھنے والے ہر شخص کا سر فخر سے بلند نظر آیا۔ فرینڈز آف پاکستان کے صدر کے علاوہ دیگر راہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ اس تقریب میں راقم الحروف نے بھی ہائی پاکستان حضرت قائداعظم کی خدمت میں منظوم خراج عقیدت پیش کیا۔ نظم کے چند اشعار قارئین کی نذر ہیں:

عزم راسخ تھا تمہارا مسئلوں کی آڑ میں
کر دیا آزاد سارا ہندوستاں چٹکی میں تم
کوئی طاقت تھی کہ مقصد سے ہٹا سکتی نہ تھی
کوئی لالچ تھی نہ خوف موت کو گنتا تھی تم
طرفہ تر تھا جذبہ تیرے دل میں سر پر ہو
چڑھا دشمن ہوئے اکثر اوکھڑے ہوا

آسان حل

کراچی والے نے مالک مکان سے کہا: "خدا کے لئے اس سال تو مکھیوں میں پنکھ لگوا دیجئے۔ میں کمرے میں بیٹھتا ہوں تو تیزا سے پاؤں بھر جاتے ہیں۔"

مالک مکان نے کراچی والے کے دئے کرائے میں دس روپے ماہوار کا اضافہ کر دیا۔

ہار مغنی

میاں بیوی کی باتوں سے ایک دوسرے سے ناراض تھے اور ان کی بول چال بھی بند تھی۔ ایک صبح میاں کو جلد بیدار ہو کر کہیں جانا تھا۔ اس لئے اس نے کاغذ پر لکھا: "صبح مجھے ساڑھے پانچ بجا دینا"۔ اور کاغذ بیوی کے تکیے کے پاس رکھ دیا۔

صبح میاں کی آنکھ کھلی تو آنکھیں ملتے رہ گئے۔ وہ تکیے سے الٹا تو یہ لکھا کہ تکیے کے پاس ایک کاغذ پڑا ہوا تھا جس پر لکھا تھا: "تمام بج رہے ہیں، اپنا بھی بجا لو۔"

مرحوم احمد عبداللہ احمد ــ ایک جھلک

رہنے کو سدا دہر میں آتا نہیں کوئی
تم جیسے گئے ایسے بھی جاتا نہیں کوئی

ہماری زندگی بڑی حد تک یادوں پر محیط ہے۔ وہ دیدہ جانے صحیح ہو یا غیر یں، اگر ہماری زندگی سے یادوں کی سوغات کو منہا کر دیا جائے تو اس میں ایک سونا پن اور خلا پیدا ہو جائے گا۔ بزرگوں کی یاد منانا دراصل ان کا شکر یہ ادا کرنا ہے۔ آج ہم اپنے محترم سبق کی یاد میں خراج عقیدت پیش کر رہے ہیں۔ ۔ ہدایت کرتا ہی ہیں جناب احمد عبداللہ احمد صاحب کی۔

صبح کے خبرنامے میں تقریباً پانچ سات بج رہے تھے، ریڈیو پاکستان میں جناب احمد عبداللہ احمد کی رحلت کی اطلاع دی گئی۔ ریڈیو کے مختلف شعبوں کے لئے ایک گھنٹے کے علم میں لگتی گیا۔ دل دماغ پر ایک مجنونی سی ادا سی چھا گئی۔

پھر دوسرے لمحے ماضی کے ان دریچوں کی جانب میرا ذہن منتقل ہو گیا اور میں یادوں کے جھنوں میں ڈوبتا چلا گیا، میری نظروں کے سامنے چالیس پینتالیس سال کی ایک عظیم شخصیت جو یوم اقبال کے موقع پر علامہ اقبال پر ایک معلوماتی خطاب پیش کرتی ہوئی نظر آئی۔ وہ تھے جناب احمد عبداللہ احمد۔ انہوں نے علامہ اقبال کا یہ مثالی شعر پیش کیا تھا۔ وہ شعر غالباً یہ تھا

غلامی میں نہ کام آتی ہیں تدبیریں نہ تقدیریں
جو ہے کامل یقیں پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

آپ کی پیدائش ۱۷ جنوری ۱۹۲۸ء میں بنگلور (انڈیا) کے ایک معزز میمن خاندان میں ہوئی۔ روایت کے مطابق ابتدائی تعلیم گھر ہی پر ہوئی پھر St John College مدراس یونیورسٹی سے ایس سوا ٹالیس میں اعلیٰ تعلیم کی ڈگری حاصل کی۔

اس کے بعد سن 1949 میں کاروبار میں مصروف ہو گئے جو ان کا آبائی پیشہ تھا۔ اسی غرض سے منتقل سے کراچی جہاز کے ذریعہ موریشس کے لئے روانہ ہوئے اور ۲۶ دسمبر ۱۹۴۹ کو ان کا جہاز نام "الوفی" پورٹ لوئس کی بندرگاہ لنگر انداز ہوا۔ انسانوں سے پر، ایک نئے عزم، ولولے، جوش و جذبوں میں جناب احمد عبداللہ احمد نے موریشس کی سرزمین پر اپنا پہلا قدم رکھا اور پھر یہیں کے ہو کے رہ گئے۔

زبان اردو سے پیار بھی ان کا از روئے پیار بلا۔ چونکہ آپ اردو زبان کی چاشنی کے علم بردار تھے، اسی اردو کی چاشنی سے قدر کرنے والی ایک خاتون محترمہ عزیزہ مہ جبیں اکبر ان کی از دواجی حیات کی عزیز موریشس اور اللہ تعالیٰ نے ان کی گود میں وہ اولاد کی مسرتیں ڈال دیں۔

احمد عبداللہ احمد نے اپنا خود کا کاروبار Abdulla & Sons کے نام سے شروع کیا اور اس ضمن میں اللہ تعالیٰ نے انہیں خوب ترقی دی۔ مزید ان کو ورثا ولی سے بھی نوازا تھا۔ وہ وسیع القلب تھے۔ جو بھی ضرورت مند، یتیم، فقیر، بیوہ، سائل ان کے دروازے پر آتے خالی ہاتھ واپس نہیں لوٹتے تھے۔

بیرونی ممالک سے جب اردو کے لئے مندوبین شعرا کرام، خوش سرا ادبا اور اکابرین موریشس تشریف لاتے تو اپنے دولت کدے پر ان کے اعزاز میں پُرتکلف ضیافت کا اہتمام کرتے۔ مہمان گرامی کو تھے تعارف سے نوازتے۔ کبھی کبھی اپنے دولت کدے پر نعت خوانی، غزل اور قوالی کی محفل کا انعقاد کرتے تھے جس سے ان کی اردو ادبی اور عربت کا انداز ہ ہوتا ہے۔

احمد عبداللہ احمد صاحب نیک سیرت، شریف طبیعت کے مالک تھے۔ سب سے بڑی بات "حق" سے وابستہ محبت کرتے تھے اور انہوں نے تمیں سالوں تک حجی کر حج کی ادائیگی کی پورے اخلاص کے ساتھ پر عزیز میاں اہلیہ کے لیے کا اہتمام کیا۔ علاوہ ازیں، دوسرے ممالک اور لوگوں سے جڑے رہے۔ ان کی عقابت کا عالم یہ تھا کہ گھر پہ کے کام کوئی عالم سے کرواتے تھے۔ ایک مسجد اوقافی جس کا سنگ بنیاد مولانا شاہ اشرف نورانی صدیقی قادری کے دست مبارک سے رکھا گیا تھا۔ وہ خود مسجد کے اخراجات برداشت کرتے تھے۔

احمد عبداللہ احمد مستقل مزاج آدمی تھے۔ طبیعت میں، عجلت کا پہلو تھا۔ ان کو اردو سے جنون کی حد تک عشق تھا جو ساتھ لے لوٹے تھا۔ یہ ان کی چاہت، جدوجہد اور کاوشوں کا صلہ ہے کہ ۱۸ تمبر ۱۹۷۰ء کو تعلیمی اردو اسکول یونٹ قائم ہوا جو موریشس میں اردو کا واحد مرکز ہے جہاں سب کچھ رضا کارانہ طور پر ہوتا ہے۔ یہ ادارہ اردو کے لئے مزار جاں فزا ثابت ہوا۔ یہ گویا گھر میں ایک سرچشمہ ثابت ہوا جہاں سے بہت سے شیشے بھر لے اور یہ پورے ملک میں تشنہ اردو کو سیراب کرنے لگے۔

پھر پچیس مئی ۲۰۱۰ء کی وہ اداس کر دینی بھی آئی جب موت کے شیشے نے اس علمبردار کی روح سے جسم جدا کر دیا اور احمد عبداللہ احمد نے داعی اجل کو لبیک کہا اور اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

جب تک موریشس میں اردو کا نام لیا جائے گا تب تک احمد عبداللہ احمد کا نام تاریخ کے اوراق میں سنہرے حرفوں میں لکھا جائے گا اور آپ کی روح اور سایہ ہمارے سروں پر جاوید رہے گا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے اور ان کی اولاد کو صبر جمیل عطا کرے۔

چمن میں پھول کا کھلنا تو کوئی بات نہیں
زہے وہ پھول جو گلشن بنائے صحرا کو

چند تاثرات

عنایت حسین عیدن

موریشس میں اردو دنیا پر احمد عبداللہ صاحب کے بڑے احسانات ہیں۔ ذاتی لگن اردو اسکول یونٹ کے بانی رکن کی حیثیت سے آپ اردو کی ترویج، اشاعت میں ہر طرح سے کوشاں رہے۔ اردو سکول پر وہ ہر دن سے راہ سے راہ سے اور پھر محفل و محفلوں کے قدم اٹھاتے تھے۔ سی پی ایڈ کے انتخابات میں اردو کا جائزہ مقام دلانے کے لئے مختلف تعلیمی ہفتوں کی بندی ، جال، محکمہ وغیرہ کو دی مقام بنانے پر زور دیتے رہتے تھے۔ ایک واقعہ جلسے میں انہوں نے مکمل کر کہہ دیا کہ اردو ، تھیں۔ ان میں آپ شریک ہوتے۔ ایک واقعہ جلسے میں انہوں نے مکمل کر کہہ دیا کہ اردو ، بندی ، جال، محکمہ وغیرہ کو دی مقام بنانے پر زور دیتے رہتے تھ

نیشنل اردو انسٹی ٹیوٹ کی چالیسویں سالگرہ

مارٹن ہلم

ستمبر ۱۳ نومبر ۲۰۱۰ کو سہ پہر کے سائے تین بجے نیشنل اردو انسٹی ٹیوٹ کی چالیسویں سالگرہ میونسپلٹی آف پورٹ لوئس کے لارڈ میئر پالر Lord Mayor's Parlour میں باضابطہ طور پر منائی گئی۔ یہاں بہت سے لوگوں نے اپنی تشریف آوری سے محفل کی رونق افروزی کی۔

نیشنل اردو انسٹی ٹیوٹ اور یو۔ایس۔یو کے صدر، جناب شہزاد احمد عبداللہ احمد، وزیر برائے روزگار و صنعتی تعلقات، بارسٹر سلیل احمد یوسف اسے۔آر۔محمد، سفیر پاکستان عزت مآب محمد صدیق، سفارت ہند کے ڈپٹی ہائی کمشنر، پرشانت پنے صاحب، میڈیکل کانشلر اور صدر فلاح عامہ کمیٹی، جناب احسان جمن، اور خصوصی مہمان وزیر ثقافت و سیاحت، بارسٹر سلیم رچرڈ موقع پر موجود تھے۔ سب سے پہلے، نیشنل اردو انسٹی ٹیوٹ اور یو۔ایس۔یو کے صدر، جناب شہزاد احمد عبداللہ احمد نے مہمانوں کا استقبال کیا اور دعوت قبول کرنے کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے نیشنل اردو انسٹی ٹیوٹ کی مختصر مگر شاندار یہاں کی کہ کس طرح اس نے اردو کی خدمت میں چالیس سال گزار دیے۔ دوران سفر راستے کے پے در پے دھم سے ہم کنار ہونا پڑا لیکن مستقل جدوجہد جاری رہی۔ بالآخر کامیابی نے قدم چومے جس کا سہرا بانی الف واشہ جناب احمد عبداللہ احمد مرحوم، محمد اسد پرفیسر الطاف پرویز کے سر جاتا ہے۔ چال والے لوگ تھے جن کی کمی کا احساس ہوتا رہتا ہے۔

پورٹ لوئس کے میونسپل کانشلر اور صدر فلاح عامہ کمیٹی محترم احسان جمن نے اپنی تقریر میں کہا کہ اردو بے مثال اور محبت کی زبان ہے۔ انہوں نے بعد مستقل تعلیم سے اردو سیکھی۔ ۱۹۸۲ میں پرچا پاسر فیسر سا گرام پھاہی بھی سالگرہ ہے۔ اسی روز چالیس سال قبل اردو انسٹی ٹیوٹ کا افتتاح ہوا تھا۔

اس کے فوراً بعد جناب عبداللہ عبداللطیف نے غلیل یادیوی کی غزل گا کر مہمانوں کی دل پذیر ائی کی۔ جس کا مطلع ہے

میرے ہمدم مرے ہمراہ چلے، دوست بن کے ملا نہ دے
میں ہوں سودائے محبت سے جہاں بلب مجھے زمگی کی دعا نہ دے

سفارت ہند کے ڈپٹی ہائی کمشنر، پرشانت پنے صاحب نے کہا کہ اردو کی جائے تاریخ ایک اہم جلسہ ہے کیونکہ مرحوم احمد عبداللہ احمد نے اردو کے لئے بہت افراد اقدام اٹھایا۔ ہندوستان میں ۲۲ زبانوں کا مرکز ہے۔ یہ غیروں کی زبان ہے اور دل کی باتیں کرنے کی زبان ہے۔ اس میں امیر خسرو سے لے کر جدید اختر کی شاعری ملتی ہے اور اسی زبان میں پرچند نے اپنی کہانیاں لکھیں۔ اس موقع پر انہوں نے نیشنل اردو انسٹی ٹیوٹ اور اراکین کو مبارک باد پیش کی۔

اس کے بعد ابو عبدالحمید نے پیارے شاعر قتیل کی غزل سنا کر مہمان کی دلجوئی کی۔ مطلع ہے

... گفتگو نہیں ہے کی مرا اثر ہے یار میں
کس کی بات ہے عالم ناپائدار میں

ملیے پاکستان عزت مآب میجر محمد صدیق نے احمد عبداللہ احمد کو خراج عقیدت پیش کیا اور مبارک باد بھی پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ مورشس کی بڑی، بڑی ہستیوں میں اپنے آپ کو شمار ہوتا ہے جو اردو جانتے ہیں۔ اپنی سرکار کی طرف سے امداد کا وعدہ کیا۔

پھر انجمن آرائی کی طالبہ، نوشین نور محمد نے صابہ گودڑ کی لکھی ہوئی نظم بعنوان "اردو انسٹی ٹیوٹ ایک سایہ دار درخت ہے" پیش کر سنائی۔

وزیر برائے روزگار و صنعتی تعلقات، بارسٹر سلیل احمد یوسف اسے۔آر۔محمد نے دعوت کا شکریہ ادا کیا۔ چالیس سال قبل اپنے بچپن کے دنوں میں پرائمری اسکول میں اردو سیکھنے کا موقع ملا۔ انہوں نے کہا کہ یہاں مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں۔ یہ ہماری ذمے داری ہے کہ ہم اپنی زبان اور تہذیب کو زندہ رکھیں۔ انہوں نے اپنی اور اپنی سرکار کی طرف سے امداد دینے کا وعدہ بھی کیا۔ ہمارا ہم میلہ کے علاوہ پوری دنیا میں مانی جائے گا۔

محسن دیرپا صاحب نیشنل اردو انسٹی ٹیوٹ کے بورڈ ممبر ہیں، ادارے کا افتتاح جب ہوا تھا تو انہوں نے غزل گا کر شروع کی تھی۔ آج بھی انہوں نے اسی انداز میں مرزا غالب کی غزل گائی۔ غزل ان کر پرانے زخموں کی یاد آ گئی۔

وزیر ثقافت، بارسٹر سلیم رچرڈ نے تقریب میں شرکت کرنے پر اپنی مسرت کا اظہار کیا۔ کسی بھی ادارے کے چالیس سال کا سفر آسان نہیں ہوتا ہے۔ زمانے کے پے در پے وار سہنا پڑتا ہے۔ تاہم، احمد عبداللہ احمد و محسن کے پتے تھے۔ انہوں نے اس خواہصورت زبان کو زندہ رکھنے کی جدوجہد کی۔ زبان بہت ہی نازک ہوتی ہے۔ اس کی کوئی حد نہیں ہوتی ہے۔ آج کروڑوں لوگ دنیا میں اردو بولتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے وزیر اعظم مودے کے لئے تیار ہیں۔ یہ محبت کی زبان ہے۔ اردو میں جگر، راہی کریز قابل ہے۔ غزل اردو کا دل ہے۔ لہٰذا غزل سرائی کو زندہ رکھنا ضروری ہے۔

موقع پر جناب عنایت حسین عیدن کو چالیس سال نیشنل اردو انسٹی ٹیوٹ سے وابستہ رہنے کے لئے انعام سے نوازا گیا۔ موقع کو یادگار رکھنے کے لئے ایک Souvenir Magazine کی رسم اجرا کی گئی۔ ایک مختصر سی ضیافت چائے نوشی اور مصافحے کے بعد سازھے پانچ بجے یہ جلسہ اختتام پذیر ہوا۔



صدائے اردو

فانوس بن کے جس کی حفاظت ہوا کرے — وہ شمع کیا بجھے جسے روشن خدا کرے

ذی نیشنل اردو انسٹی ٹیوٹ کی چالیسویں سالگرہ کے موقع پر

اداریہ

میں بھی چپ ہو جاؤں گا بجھتی ہوئی شمعوں کے ساتھ

انور دولت محمد

الوداع کہنا... یہ بھی کڑی منزل سے گزرنا ہے۔ یہ اس وقت اور مشکل تر ہوتا ہے جب پتہ چلتا ہے کہ جانے والے کوٹ کر نہیں آئے...آتی ہے تو بس ان کی یاد۔

۲۲ مئی ۲۰۱۰ اور ۱۱ جولائی ۲۰۱۰ء دو ایسی تاریخیں ہیں جن میں موریشس کی اکثیر اردو دو جاں باز سپاہی ہمیشہ کے لئے رخصت ہوگئے اور موریشس کی اردو دنیا کو داغ مفارقت دے گئے۔ آپ ہیں مرحوم احمد عبداللہ احمد اور مرحوم طاہر روکن۔

جناب احمد عبداللہ احمد کا تعارف کرانا میں سمجھتا ہوں سورج کو روشنی دکھانا ہے۔ آپ کی ہمہ گیر شخصیت سے کون واقف نہیں!!! اردو زبان سے آپ کی والہانہ محبت اور حیات ابدی ربی جیسے پروانے کو شمع سے رفعت...چمن میں گل وبلبل کی داستان الغرض۔ آپ کا اردو سے عشق ایسا تھا کہ بقول شاعر

؎ یہ عشق نہیں آساں بس اتنا سمجھ لیجئے
آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے

ذی نیشنل اردو انسٹی ٹیوٹ ای عشق کا نتیجہ ہے اور آج ای ادارے کی انتھک کوششوں سے اردو اسپیکنگ یونین موریشس میں اردو کی خوشبو مہک رہا ہے۔ یہ خوشبو ای اردو کے تاجدار ورثہ سے ہے جس کی آبیاری جناب عبداللہ احمد جیسے فرد نے کی ہے اور جس کا شمار موریشس کی اردو دنیا میں تعظیم کیا جارہا ہے۔ آپ کا ادبی ذوق کسی سے پنہاں نہیں۔ نہ صرف ادب بلکہ دینی اور معاشرتی شعبوں میں بھی آپ کا طوطی بولتا رہا۔... مگر کبھی بھی آپ کا دماغ عرش پر نہیں ہوتا۔ آپ بالکل سادہ اور معمولی انسان کی طرح لوگوں سے ملتے چلتے۔ یہ شاید انکی صفات کے بالکل ضد ہی ہوتے ہیں۔

جزیرہ موریشس کے جنوبی خطے میں جب بھی اردو کے حوالے سے تذکرہ ہوگا لب پر جناب طاہر روکن کا نام ضرور آئے گا۔ آپ کا شمار اردو زبان کے ان قدردانوں اور شیدائیوں میں ہوتا ہے جنہوں نے اردو کو صرف روزگار تک محدود نہیں کیا بلکہ اس زبان کو مزید پھیلانے اور فروغ دینے کے لئے آپ نے اپنے علاقے میں "مسلم لائبریری سرگل" کی بنیاد رکھی اور یہیں سے اردو زبان کا ایک پودا لگایا۔ اردو زبان کی قدر ہی کا نتیجہ ہے کہ آپ نے کہا تھا

؎ گل وبلبل یونہ رہیں ہم آوینگے رہیں نہ رہیں
تا ابد خلقی اردو کا رہے یہ باغ سدا

ذی نیشنل اردو انسٹی ٹیوٹ سے آپ کا گہرا لگاؤ ناقابل فراموش ہے۔ طاہر روکن صاحب کی سادہ زندگی، آپ کی خوش و خرم طبیعت، خوش طبع شخصیت ہر دور میں اردو کے چاہنے والوں کو متاثر کرتی رہیگی۔ ایک شاعر، ڈرامہ نگار اور افسانہ نگار ہم سے رخصت ہوگئے۔

ایک ایسے موقع پر جب ذی نیشنل اردو انسٹی ٹیوٹ کی چالیسویں سالگرہ منائی جارہی ہے، آیئے دعا کریں کہ ان عشاق اردو نے اردو کو زندہ رکھنے اور ترقی کے لئے جو شمعیں جلائی ہیں وہ ہمیشہ روشن رہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے۔ آمین

ایک خاص گزارش

اس اخبار میں اللہ پاک اور اس کے دلگر مقدس پیمبر حضور ﷺ کے نام بھی آکثر و بیشتر اور جا بجا پائے جاتے ہیں۔ قارئین سے دلی گزارش ہے کہ وہ اس اخبار کو ادب میں باوضو پڑھیں اور مقدس ہستیوں کے نام ادب و احترام سے لیں۔ اس کے لئے اضافی وقت کا حاشیہ ضروری ہے۔